# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 13 October-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 13/اکتوبر۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** **** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وجئے دشمی یعنی دسہرے کا تہوار کل منایا گیا جوش وخروش کے ساتھ۔

☆68/ویں دھم چکر پرورتن دن کے موقع پر کل کیا گیا مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

☆ سابق وزیر اور راشٹروادی کانگریس کے قائد بابا صدیقی کا کل ممبئی میں ہوا قتل۔

☆ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں خواتین کو بااختیار بنانے کی خاطر آج ناندیڑ میں جلسہ عام۔

اور۔۔۔☆ بھارت نے بنگلہ دیش کو تیسرے T-20 کرکٹ میچ میں 133/رنوں سے دی شکست‘ سیریز بھی 0-3 سے جیت لی۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ہر جگہ وجئے دشمی یعنی دسہرے کا تہوار جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ ناندیڑ ضلع کے ماہور میں رینوکا دیوی مندر، دھاراشیو ضلع کے تلجاپور میں تلجا بھوانی مندر، بیڑ ضلع کے امبا جوگائی میں یوگیشوری دیوی مندر، جالنہ ضلع کے عنبڑ میں تیسودری دیوی مندر اور چھترپتی سمبھاجی نگر کے کرن پورہ میں تلجا بھوانی مندر میں مذہبی رسومات کی ادائیگی کے ساتھ نوراتر کا اختتام عمل میں آیا۔ شہریان کا غروب آفتاب کے بعد مندروں میں درشن کے لئے ہجوم ہوگیا تھا۔

***** **** *****

کل دسہرے کے موقع پر ہر گھر میں سرسوتی پوجا، مذہبی کتابوں اور گاڑیوں کی پوجا کی گئی۔ شام کے وقت شہریوں بالخصوص بچوں کی بھیڑ راون کے پتلے جلانے کے لیے موجود تھی۔ شہریان نے کل مکانات، گاڑیاں اور زیورات کی خوب خریداری کی۔

دسہرے کی مناسبت سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ملک کے شہریان کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وجئے دشمی کا تہوار نہ صرف سچائی کی ناانصافی پر جیت ہے بلکہ یہ سچائی اور نیکی کی قدر میں یقین پیدا کرنے والا ہے۔

دسہرے کے موقع پر ریاست بھر میں مختلف معززین نے اجتماعات سے خطاب کیا۔ راشٹریہ سیویم سیوک سنگھ (RSS) کے 99ویں یوم تاسیس کے موقع پر سنگھ کے سربراہ ڈاکٹر موہن بھاگوت نے کل صبح ناگپور میں وجئے دشمی کے مرکزی پروگرام سے خطاب کیا۔ انہوں نے خواتین پر بڑھتے ہوئے ظلم کو تشویشناک قرار دیا۔ بھارتی خلائی ادارے اسرو کے سابق صدر K.Radhikrishnan اس جلسے میں مہمان خصوصی کے طور پر موجود تھے۔ انہوں نے اپنی تقریر میں کہا کہ ٹیکنالوجی نے تعلیمی شعبے میں بڑی تبدیلی لائی ہے۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ نئی قومی تعلیمی

پالیسی ملک کو ایک خوشحال معیشت میں بدل دیگی۔

پروگرام کا آغاز ریشم باغ میدان پر ملک بھر سے آئے سیویم سیوکوں کی پریڈ سے ہوا۔اس موقع پر موہن بھاگوت نے ہتھیاروں کی پوجا کی۔ پروگرام میں زمینی حمل ونقل اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری، نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور دیگر معززین موجود تھے۔ وہیں چھترپتی سمبھاجی نگر میں بھی آر ایس ایس کارکنان نے صبح کے وقت 25 مقامات پر نظم وضبط کے ساتھ مارچ کیا اور سب کی توجہ کا مرکز بنے۔ان کی گذرگاہوں پر خواتین نے رنگولیاں بنائی اور پھولوں کی پتیاں پریڈ دیکھنے کے لیے عوام کا ہجوم اُمڈ پڑا۔

***** **** *****

شیوسینا اور شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹیوں کی جانب سے کل دسہرے کے موقع پر ممبئی میں جلسوں کا اہتمام کیا گیا۔ممبئی کے آزاد میدان پر منعقدہ اجتماع میں وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے شیوسینکوں سے خطاب کرتے ہوئے مشہور گلوکارہ آشا بھوسلے کی جانب سے میری لاڈلی بہن اسکیم کی تعریف کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔وزیراعلیٰ نے تقریر کے دوران اپنی شیوسینا کو اصلی شیوسینا قرار دیا۔

وہیں دسہرے کی مناسبت سے شیواجی پارک پر منعقدہ جلسہ عام سے سابق وزیراعلیٰ ادھو ٹھاکرے نے خطاب کیا۔انہوں نے اسمبلی انتخابات کے پیش نظر ریاستی حکومت کی جانب سے کیئے گئے فیصلوں پر تنقید کی اور کہا کہ حکومت میں آنے کے بعد وہ یہ فیصلے منسوخ کردیں گے۔

***** **** *****

بی جے پی کی قومی سیکریٹری رکن کاونسل پنکجا منڈے نے اسمبلی انتخابات کے پیش نظر ریاست گیر دورے کا اعلان کیا ہے۔موصوفہ کل بیڑ ضلع کے پاٹودہ تعلقے کے ساور گاؤں میں منعقدہ دسہرے کے جلسے سے خطاب کررہی تھیں۔ یہ مقام سنت بھوان بابا کی جائے پیدائش ہے۔انہوں نے ریاست کی 18 /پگڑ ذاتوں کو ساتھ لینے کا وعدہ کیا اور سب سے متحد ہونے کی اپیل کی۔اس موقع پر زراعت کے ریاستی وزیر دھننجے منڈے موجود تھے۔

**** **** *****

مراٹھا قائد منوج جرانگے پاٹل نے کل بیڑ ضلع کے شرور کاسار تعلقے کے نارائن گڑھ میں دسہرے کے جلسے سے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ نارائن گڑھ نے کبھی ذات پات کی تعلیم نہیں دی بلکہ ہمیشہ برابری کا پیغام دیا۔

پربھنی شہر میں بھی کل دسہرے کے موقع پر شیوپرتشٹھان اور وی ایچ پی کی جانب سے دوڑ کا اہتمام کیا گیا۔ پربھنی شہر کی 95 برس قدیم روایت ہے۔ وہیں ناندیڑ میں سکھوں کے مقدس مقام سچکھنڈ حضور صاحب گرودوارہ سے روایتی ہلہ بول جلوس نکالا گیا جس میں کثیر تعداد میں سکھ بھائیوں نے شرکت کی۔

**** **** *****

68 /واں دھم چکر پرورتن دن کل منایا گیا۔ ناگپور کے دکشا بھومی پر بھدنت آریہ ناگرجن سرئی سائی کی موجودگی میں بڑے پیمانے پر اجتماعی بدھ وندنا کی گئی۔اس موقع پر سمتا سینک دل نے ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کو سلامی پیش کی۔ اس اجتماع میں شرکت کے لیے ملک بھر سے ہزاروں بدھ مت کے پیروکار ناگپور شہر میں داخل ہوئے تھے۔اسی طرح کل چھترپتی سمبھاجی نگر کے بدھ لینی علاقے میں تتھاگت بھگوان بدھ کی مورتی درشن کے لیے عقیدت مندروں کی بھیڑ اُمڈ پڑی۔اس موقع پر مختلف مذہبی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔

وہیں ناندیڑ شہر میں بھی بودھیشو رڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کے مجسمے کے روبرو ہزاروں عقیدت مندوں کی موجودگی میں مہابدھ وندنا کا پروگرام جوش وخروش کے ساتھ منعقد کیا گیا۔

***** ***** *****

سابق ریاستی وزیر اور راشٹروادی کانگریس کے قائد بابا صدیقی کا کل ممبئی میں قتل کردیا گیا۔ بابا صدیقی کے بیٹے اور رکن اسمبلی ذیشان صدیقی کے دفتر کے باہر تین نامعلوم افراد نے انہیں گولی ماردی۔ پولس نے اس معاملے میں دوافراد کو حراست میں لیا ہے اور ان سے تفتیش کی جارہی ہے۔ وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ بابا صدیقی پر فرئرنگ کا واقعہ افسوسناک ہے۔ وزیراعلیٰ نے پولس کو ہدیت دی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے تاکہ ممبئی میں امن وامان کی صورتحال خراب نہ ہو۔ انہوں نے اس معاملے کے مجرمین کو سخت سزا دینے کا تیقن دیا ہے۔ معاملے کی تحقیقات کی ذمہ داری ان کاؤنٹر اسپیشلسٹ دیا نائیک کو سونپی گئی ہے۔

***** ***** *****

وزیراعظم انٹرن شپ اسکیم پورٹل پر اب تک 193 کمپنیوں کی جانب سے 91 ہزار تربیت کے مواقع فراہم کئے گئے ہیں۔ یہ پورٹل درخواست دہندگان کے لیے کل سے کھول دیا گیا ہے۔ آئندہ 25 / اکتوبر تک امیدوار اپنی درخواستیں اس پورٹل پر جمع کرواسکتے ہیں۔ کمپنیاں اس پورٹل پر دستیاب انٹرن شپ کے مواقعوں کے بارے میں معلومات فراہم کرے گی۔ جس میں تیل، گیس، بجلی اور سیاحت جیسے 24 / مختلف شعبہ جات شامل ہے۔ مالی سال 25-2024 کے دوران حکومت کا ہدف 21 تا 24 برس عمر زمرے کے سوالاکھ افراد کو تربیت فراہم کرتا ہے۔ اس اسکیم کے تحت تربیت حاصل کرنے والے ہرامیدوار سال بھر میں ہر مہینہ 5 ہزار روپئے اور یکمشت 6 ہزار روپئے گرانٹ دیا جائے گا۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں خواتین کو بااختیار بنانے کی خاطر آج ناندیڑ میں ایک جلسے عام کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار موجود رہیں گے۔

***** ***** *****

لاتور میونسپل کارپوریشن نے دسہرے کے موقع پر ٹیکس بقایہ جات کی ادائیگی پر خصوصی رعایت دینے کا اعلان کیا ہے۔ اگر شہریان پراپرٹی ٹیکس کے بقایہ جات آئندہ 15 / اکتوبر تک یکمشت ادا کرتے ہیں تو اس پر سود میں 75 / فی صدر عایت دی جائے گی۔ میونسپل کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر باباصاحب منوہرے نے شہریان سے اپیل کی ہے کہ وہ اس رعایت سے فائدہ اٹھائیں۔

اسی طرح ناندیڑ میونسپل کارپوریشن نے بھی واٹر ٹیکس جرمانہ معافی اسکیم میں 15 / تک توسیع کردی ہے۔ یہ مدت کل ختم ہوگئی تھی۔ تاہم اس اسکیم کو ملنے والی پذیرائی کے پیش نظر اس میں توسیع کردی گئی۔

اسی دوران خواتین کے T-20 عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں بھارتی ٹیم آج آسٹریلیاء کے خلاف کھیلے گئے۔ بھارتی ٹیم کو آخری 4 ٹیموں میں جگہ بنانے کے لیے اس میچ کو جیتنا ضروری ہے۔

***** ***** *****

کل کھیلے گئے T-20 کرکٹ میچ میں بھارت نے بنگلہ دیش کو 133 رنوں سے شکست دے دی۔ اس فتح کے ساتھ بھارت نے 3 میچوں کی سیریز 0-3 سے جیت لی۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے سنجو سیمنس کی سنچری کے بل بوتے پر مقررہ اوور میں 6 وکٹ پر 297 رنز بنائے۔ سیمنس نے 111 اور سوریہ کمار یادو نے 75 رنز بنائے۔ جوابی کھیل کے دوران بنگلہ دیشی ٹیم 20 اوور میں 164 رنز ہی بنا سکی۔ روی بشنوئی نے 3 اور مینک یادو نے 2 وکٹیں حاصل کی۔ آل راؤنڈر ہاردیک پانڈیہ کو مین آف دی میچ اور مین آف دی سیریز کے انعام سے نوازہ گیا۔

***** **** *****

:::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ وجئے دشمی یعنی دسہرے کا تہوار کل منایا گیا جوش وخروش کے ساتھ۔

☆68 ویں دھم چکر پرورتن دن کے موقع پر کل کیا گیا مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

☆ سابق وزیر اور راشٹر وادی کانگریس کے قائد بابا صدیقی کا کل ممبئی میں ہوا قتل۔

☆ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں خواتین کو بااختیار بنانے کی خاطر آج ناندیڑ میں جلسہ عام۔

اور۔۔۔☆ بھارت نے بنگلہ دیش کو تیسرے T-20 کرکٹ میچ میں 133 رنوں سے دی شکست، سیریز بھی 0-3 سے جیت لی۔

***** **** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** **** *****